مسند ابویعلی اہل سنت کتاب ہے، ظاہر ہے اس کا رد اہل سنت اصول اور اہل سنت صحیح روایات سے ہی کیا جائے گا۔ اب یہ تو ممکن نہیں کہ روایت اہل سنت کی ہو اور شیعہ اصول اور شیعہ کتب سے اس کا رد کیا جائے!!

شیعہ کے نزدیک تو تمام اہل سنت کتب ناقابل قبول ہیں، لیکن دوران مناظرہ دلیل مخالف فریق سے اسی لئے دی جاتی ہے کہ وہ اپنی کتب کو قابل قبول سمجھتا ہے۔

جب شیعہ مناظر نے سنی مناظر کو اہل سنت کتب سے منوانا چاہا تو دفاع کرتے ہوئے سنی مناظر ثابت کرے گا کہ آپ کی روایت سر آنکھوں پر لیکن ہمارے یہ اصول ہیں اور ہم دوسری صحیح روایات کی روشنی میں آپ کی دلیل کو قابل قبول نہیں سمجھتے!!! اس کے بعد شیعہ مناظر سنی مناظر کے اصول اور دوسری صحیح روایات کا رد اہل سنت کتب سے کر کے یہ بتاتا کہ آپ غلط ہو آپ کے فلاں اصول اور فلاں کتب میں فلاں روایات میری دلیل کی تائید میں ہیں اس لئے آپ کو ماننا ہوگا!!

افسوس کہ بخش حسین حیدری نے ایسا کچھ نہیں کیا بلکہ انہیں مناظروں کی ان سادہ باتوں کا بھی علم نہ تھا۔

اس مناظرے میں ایسا کچھ نہ ہوا جب سنی مناظر نے جواب دیا کہ ہمارے اس اصول اور دیگر صحیح روایات سے آپ کی دلیل باطل ہوجاتی ہے تو شیعہ مناظر پہلے تو کہتے رہے کہ اہل سنت کتب کیوں پیش کر رہے ہیں؟ وہ قابل حجت نہیں ہیں، اس کے بعد اصول پر بات کرنے کے بجائے جرح و تعدیل کی طرف جانے کی کوشش کی!! پھر اصول کو مجبوراً تسلیم کیا تو اپنی دلیل پر اس اصول کو لاگو کرنے پر راضی نہ ہوئے۔ شیعہ مناظر اختلافی نکات اور صحیح روایات کا علمی رد کرنے کے بجائے ایسے اسکینز پیش کرتے رہے جن پر اختلاف تو تھا ہی نہیں!!

شیعہ مناظر: معاویہ صاحب نے کہا تقیہ کرتے ہیں مذہب چھپانا
تقیہ تو اہل سنت کے ہاں بھی موجود ہے معاویہ صاحب شاید اس بات کو بھول گئے ۔
جب ہم نے روایت کو دوبارہ تواتر سے پیش کیا تو معاویہ صاحب پھر یہ کہہ کر جان چھڑا کر بھاگ نکلے کہ فلاں روایت کی توثیق نہیں ہے ۔

یہ کاپی پیسٹ ہے جب ہم نے سات روایات لگائی تواتر کے ساتھ اور ساتھ کتاب المحلی سے ابن حزم کا قول لگایا کہ جو روایت چار صحابہ سے نقل ہوجائے اس پر جرح نہیں ہوتی ۔

شیعہ مناظر نے چار صحابہ سے روایات پیش تو کردیں لیکن یہ بھول گئے کہ روایت بمعہ سند اور توثیق پیش کی جاتی ہے!! سنی مناظر کے مطالبہ کے باوجود وہ اپنی پیش کی گئی روایات کی اسناد پیش نہ کرسکے!! شرائط کی خلاف ورزی بھی کی اور بضد رہے کہ تواتر قبول کرلیا جائے!!

معاویہ صاحب المحلی کے قول کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیا کہ کسی اور کا قول دو جیسے المحلی ابن حزم کا قول معاویہ صاحب کے لیے کوئی معنی نہ رکھتا ہو ۔
المحلی کا یہ قول دو جگہ پر پیش کیا جلد نمبر ایک سے اور جلد نمبر سات سے ۔
جس کا جواب معاویہ صاحب نے نہیں دیا اور چھلانگ لگا کر کہا عطیہ شیعہ ہے اور بدعتی

المحلی کا قول شیعہ مناظر کے کام اس وقت آتا جب وہ فدک کا ہبہ ہونا چار مختلف اسناد سے صحیح السند ثابت بھی کرتے لیکن شیعہ مناظر کا حال یہ تھا کہ وہ بغیر کتاب کے نام کے بھی روایات کاپی پیسٹ کرکے پیش کرتے رہے ۔ جس بندے کو حوالوں کا علم نہ ہو وہ اسناد کیا خاک پیش کرتا ۔

شیعہ مناظر: پہلی بات تو یہ کہ معاویہ صاحب شروع سے آخر تک یہ دعویٰ کرتے رہے کہ بدعتی راوی کی روایت اس کے مذہب کی تائید میں قبول نہیں، مگر آخر تک وہ یہ ثابت نہیں کرسکے کہ عطیہ نے قرآن مجید کی آیت کی تفسیر میں اس حدیث رسول سے اپنے کونسے مذہب کی تائید کی ہے ؟

تواتر اسے نہیں کہتے کہ ایک ہی دور سے کئی روایات پیش کردی جائیں بلکہ ہر دور ہر طبقے سے اتنے زیادہ راوی روایت کریں جن کا کذب بیانی پر متفق ہونا ممکن نہ ہو !

شیعہ مناظر: کیا قرآن مجید کی تفسیر میں ثقہ راوی کی بیان کردہ حدیث رسول، اہل سنت مذہب کے خلاف شمار ہوتی ہے ؟
اس پر معاویہ صاحب سے حوالہ طلب کیا گیا مگر انہوں نے ایک حوالہ تک نا دیا۔

دوسری بات معاویہ صاحب شروع سے یہ رٹ لگاتے رہے کہ عطیہ شیعہ اور امام باقر علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھا ، لہذا وہ پکا شیعہ ہوگا اور سنی علمائے متقدمین کو اس کا پتہ نہیں چلا کیوں کہ اس نے تقیہ کیا ہوگا۔

یہاں معاویہ صاحب کو خود یقین نہیں ہے کہ وہ اہل سنت علما متقدمین کی لاعلمی کا دعویٰ درست کررہے ہیں یا غلط ۔ یہی حال معاویہ صاحب کے عطیہ پر تقیہ کرنے کا الزام لگانے کا ہے وہاں بھی معاویہ صاحب نے محض ایک شوشہ چھوڑا ہے کوئی دلیل نہیں دی کہ عطیہ نے تقیہ کیا ۔

عطیہ نے کم از کم اس روایت میں تقیہ نہیں کیا، شیعہ وہ پہلے سے تھا اسی لئے تو اہل سنت اسماء الرجال میں اسے شیعہ شمار کیا گیا ہے اس کے علاوہ خود شیعہ اسماء الرجال اسے اصحاب امام صادق میں شمار کیا ہے۔ اس سے زیادہ عطیہ کے شیعہ ہونے کا ثبوت کیا ہوگا؟؟

سب سے بڑی بات معاویہ صاحب خود اقرار کرتے رہے کہ عطیہ ثقہ ہے اس پر کوئی اعتراض نہیں ۔

تو جناب ایسا راوی ثقہ کیسے ہوگیا جو تقیہ کرکے قرآن مجید کی آیت بھی پڑھ رہا ہے اور رسول اللہ پر معاذاللہ بہتان بھی باندھ رہا ہے ۔

عطیہ نے فدک ہبہ ہونے والی بات خلاف حقیقت بیان کی ہے اور شیعہ مناظر معصوم ہوکر پوچھتے رہے کہ عطیہ نے اپنے مذہب شیعہ کی کس طرح تائید کی ہے!!!
اس کے علاوہ سنی مناظر تو پہلے ہی سنی و شیعہ کتب سے حوالے پیش کرچکے کہ روایت میں بیان کی گئی آیت مکی ہے۔ اس کا رد تو کیا نہیں اور آئین بائیں شائیں کر رہے ہیں۔

شیعہ مناظر: لہذا یا تو عطیہ کو ثقہ لکھنے والے اہل سنت علما جھوٹے ہیں یا پھر معاویہ صاحب خود جھوٹ بول رہے ہیں ۔

راوی ثقہ بھی ہو اور شیعہ بھی ہو۔۔ یہ ایسے ہی ممکن ہے جیسے اہل تشیع کے ہاں راوی ثقہ بھی ہے اور غیر اثناعشری بھی ہے!
رہی بات راوی کے جھوٹ بولنے کی تو یہی تو اس کی شیعیت کی تائید میں بدعت ہے جس کی وجہ سے یہ اصول بنایا گیا تاکہ راویوں کی ایسی خیانتوں سے بچنا ممکن ہوسکے۔
اگر عطیہ کو ثقہ لکھنے والے اہل سنت علماء جھوٹے ہیں تو پھر اہل تشیع کے وہ علماء بھی جھوٹے ہوجائیں گے جو غیر اثناعشری راوی کو ثقہ قرار دیتے ہیں!! شیعہ مناظر کے غیر علمی اعتراضات کے سادہ جواب اسی طرح دئے جاسکتے ہیں۔

شیعہ مناظر: پھر معاویہ صاحب یہاں مذکورہ آیت پر مفسرین کا اختلاف بھی دکھارہے ہیں کہ بعض اسے مکی اور بعض اس کے مدنی ہونے کے قائل تھے ۔ تو جب اختلاف ثابت ہوگیا تو یہ دلیل نا رہی کیوں کہ اصول ہے جس رائے میں اختلاف سامنے آئے وہ قابل حجت نہیں ۔ جناب طباطبائی کی رائے مذکورہ سورہ سے متعلق ہے اور یہ تو سب ہی مانتے ہیں قرآن میں بعض سورتیں ایسی ہیں جن کی بعض آیات مکہ اور بعض آیات مدینہ میں نازل ہوئیں ۔ مگر مفسرین نے سورہ کو مجموعی حیثیت میں مکی یا مدنی شمار کیا ۔ معاویہ صاحب یقیناً اس علمی نقطے سے بھی لاعلم ہیں ۔

شیعہ مناظر نے شاید سنی مناظر کے اسکین پڑھے بھی نہیں!! کیونکہ سورت کو مکی قرار دینے کے علاوہ اس مخصوص آیت کو بھی مکی آیت ثابت کیا گیا ہے!!

شیعہ مناظر: پہلی بات تو سنی کتاب کا حوالہ ہم پر حجت نہیں بارہا دیا جاچکا، دوسری بات بالفرض اہل سنت عقیدے کے مطابق یہ مان لیا جائے کہ صحیح روایت سے یہ ثابت ہے

کہ جناب سیدہ نے رسول اللہ سے بھی فدک مانگا تھا اور رسول اللہ نے انکار کردیا تھا پھر جناب سیدہ نے یہ مطالبہ جناب ابوبکر سے کیوں دہرایا؟

بخش حسین صاحب! سنی کتاب سے دلیل دی ہے تو سنی کتاب سے رد کو بھی قبول کرنا ہوگا!!
آپ کی دلیل اہل سنت کو منوانے کے لئے تھی اور اہل سنت سے ہی اپنی دلیل کا دفاع کرتے ہوئے سنی مناظر کے حوالوں کو رد کرنا ضروری تھا! آپ نے یہ کہہ کر اہل سنت حوالوں کے جواب دینا گوارہ نہ کئے کہ وہ آپ کے لئے حجت نہیں ہیں!!! آپ کے لئے حجت ہونا ضروری کیوں تھا؟
مناظرے میں مدعی آپ تھے ، اپنا دعوی منوانا آپ کا کام تھا۔ سنی مناظر کو اپنا دفاع کرنا تھا، آپ سے اہل سنت کا کوئی دعوی تھوڑی منوانا تھا۔
رہی بات سیدہ فاطمہ نے بعد از نبی فدک کا مطالبہ کیوں کیا تھا، تو بخش حسین صاحب۔ سیدہ نے فدک کا مطالبہ بطور میراث کیا تھا، جبکہ آپ کا دعوی میراث پر نہیں بلکہ ہبہ کے متعلق تھا۔ آپ کو فدک کا ہبہ ہونا ثابت کرنا تھا۔
سیدہ فاطمہ کا مطالبہ کرنا جائز اور درست تھا، حضرت ابوبکر صدیق نے فرمان نبوی سناکر فدک کا جو فیصلہ کیا وہ بھی عین قرآن و سنت کے مطابق تھا۔ سیدہ فاطمہ کی خاموشی ہی ان کی رضامندی تھی۔ آپ کو اس مطالبہ پر مناظرہ کرنا تھا تو ہبہ والا دعوی کیوں کیا؟

شیعہ مناظر: کیا معاذاللہ اہل سنت عقیدے کے مطابق جناب سیّدہ ع جو کہ فاتح مباہلہ اور آیت تطہیر کی مصداق ہیں وہ واقعاً ایسی شخصیت تھیں کہ فدک کے لیے اتنی گرجائیں۔ معاذاللہ۔۔۔۔یہ معاویہ صاحب سیراعلام النبلا کی اس صحیح روایت سے اہل سنت کے کس عقیدے کی ترجمانی کررہے ہو معاویہ صاحب
یہاں اوپر غلطی میں لفظ ثقہ آگیا ھے، میں شیعہ لکھنا چاھ رہا تھا. ٹائپنگ کی غلطی

سیر اعلام کے حوالے سے بھی آپ نے غلط بیانی کی ہے!! نہ صرف فدک بلکہ کئی مواقع ایسے آئے کہ نبی کریم نے سیدہ فاطمہ سے انکار کیا، مثال کے طور پر ایک بار سیدہ فاطمہ کو خادمہ کی ضرورت پیش آئی اور نبی کریم سے سوال کیا تو نبی کریم نے خادمہ دینے سے انکار کیا اور صبر کرنے کی تلقین کی اور کچھ کلمات تعلیم فرمائے۔ یہ واقعہ بھی سنی و شیعہ کتب میں موجود ہے۔ نبی کے انکار سے سیدہ فاطمہ کی ہرگز توہین نہیں ہوتی۔ یہ آپ کی سمجھ کا قصور ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فارق اچھی طرح جانتے تھے کہ فدک ہبہ نہیں ہوا اور حقیقت بھی یہی ہے کہ سیدہ فاطمہ نے کبھی بھی فدک کے ہبہ ہونے کا مطالبہ نہیں کیا تھا۔

شیعہ مناظر: شیعہ اصول حدیث کے مطابق خلاف قرآن روایت قابل حجت نہیں ۔۔۔سورہ حشر آیت 6 میں ہے کہ ایسا مال فئی جو بغیر گھوڑے یا اونٹ دوڑائے مسلمانوں کے ہاتھ آئے اس پر رسول اللہ کا حق ہے اور کسی کا اس میں حق نہیں ، اب رسول اللہ کی مرضی تھی وہ اپنا ذاتی حق جسے چاہیں دیں اور جسے چاہے نا دیں۔۔۔ اور رسول اللہ نے فدک جناب سیدہ ع کو ہبہ کیا۔

حسن بخش صاحب۔۔ شیعہ اصول اگر واقعی عین قرآن کریم کے مطابق ہوتے تو سورت الحشر کی آیت 6 کا جو ذکر کیا ہے اسے مکمل پڑھ کر اچھی طرح سمجھ کیوں نہیں لیتے ؟؟
کیا اس آیت کے مطابق مال فئی نبی کریم کا ذاتی حق ہوجاتا ہے ؟؟ آنکھوں سے پٹی ہٹا کر پوری آیت پڑھیں۔

مَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ مِنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰى فَلِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوۡلِ وَ لِذِى الۡقُرۡبٰى وَ الۡيَتٰمٰى وَ الۡمَسٰكِيۡنِ وَ ابۡنِ السَّبِيۡلِ ۙ كَىۡ لَا يَكُوۡنَ دُوۡلَةًۢ بَيۡنَ الۡاَغۡنِيَآءِ مِنۡكُمۡ‌ ؕ وَمَاۤ اٰتٰٮكُمُ الرَّسُوۡلُ فَخُذُوۡهُ * وَ مَا نَهٰٮكُمۡ عَنۡهُ ۚ فَانۡتَهُوۡا‌ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ‌ۘ سورت الحشر آیت 7

جو مال خدا نے اپنے پیغمبر کو دیہات والوں سے دلوایا ہے وہ خدا کے اور پیغمبر کے اور (پیغمبر کے) قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور حاجتمندوں کے اور مسافروں کے لئے ہے۔ تاکہ جو لوگ تم میں دولت مند ہیں ان ہی کے ہاتھوں میں نہ پھرتا رہے۔ سو جو چیز تم کو پیغمبر دیں وہ لے لو۔ اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔ اور خدا سے ڈرتے رہو۔ بےشک خدا سخت عذاب دینے والا ہے

1- اللہ عزوجل

2- نبی کریم

3- نبی کریم کے قرابت دار

4- یتیم

5- حاجتمند

6- مسافر

فدک کی آمدنی قرآن پاک کے مطابق نبی کریم اور تمام خلفائے راشدین خرچ کرتے رہے۔ **مال فئی کے چھے حصہ دار ہیں!! یہ اللہ عزوجل کا قانون ہے اور قرآنی مطالب واضح ہوتے ہیں!! اصول کافی کی روایات نہیں کہ اپنی پسند کا مفہوم نکال دیا!!**

شیعہ مناظر: جہاں تک فدک کے بعد از رسول ان کے قائم مقام کے پاس جانے کی بات ہے تو ایسا اس صورت ہوتا جب رسول اللہ اسے ہبہ نا کرتے ، کیوں کہ جو چیز ہبہ کردی جائے تو پھر وہ اس کی ملکیت ہوجاتا ہے جسے ہبہ کیا جاتا ہے۔۔۔۔لہذا روایت کو اس کے شان نزول کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے

فدک کبھی ہبہ نہیں ہوا!! شیعہ مناظر کا دعوی سراسر جھوٹ اور فریب پر مبنی ہے۔ اس کا رد تو اہل سنت و اہل تشیع کتب سے ہوجاتا ہے۔ اگر دعوی میں واقعی دم ہوتا تو مناظرے میں دلائل سے شیعہ مناظر دفاع کرتے!!

شیعہ مناظر: عطیہ کی توثیق اس لیے بھیجی گئی کیوں کہ معاویہ صاحب کا پورا زور اس بات پر تھا کہ عطیہ شیعہ تھا ، علمائے متقدمین کو اسے پہچاننے میں غلطی ہوئی ۔ لہذا توثیق سے ثابت کیا گیا کہ اگر معاویہ صاحب کے مطابق یہ غلطی تھی تو دیکھیں کتنے بڑے بڑے سنی علما اس غلطی سے لاعلم تھے اب ان کی اس لاعلمی سے تو پورا مذہب تسنن ہی نابود ہوگیا کیوں کہ اتنی غلطیاں کرنے والوں سے ہی تو معاویہ صاحب سمیت تمام اہل سنت نے اپنا مذہب لیا ہے ۔

توثیق پیش کرنے کی وجہ بھی غلط بیان کی ہے!! توثیق پر سنی مناظر کا آپ سے اختلاف ہی نہیں تھا!! بلکہ دور اوّل میں شیعہ لغوی معنی میں استعمال ہوتا تھا، اس سے آج کا شیعہ مذہب کیسے ثابت ہو جاتا ہے ؟
رہی بات اہل سنت کا مذہب تو بخش حسین حیدری صاحب یہ مذہب تو براہ راست نبی کریمﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تبلیغ کا نتیجہ ہے!! کیا آپ یہ دعوی کر سکتے ہیں کہ شیعیت کی تبلیغ نبی کریمﷺ اور صحابہ کرام نے کی تھی ؟ آپ تو اس قابل بھی نہیں ہیں کہ اپنے کسی امام کے حوالے سے یہ دعوی کرسکیں!!

شیعہ مناظر: دوسری بات کے رد کے طور پر ہی شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کا حوالہ دیا تھا کہ اہل سنت بھی اس دور میں شیعہ کہلاتے تھے۔۔۔بعد کے ادوار میں انہوں نے اپنے لیے

شیعہ کا لقب چھوڑ کر اہل سنت لقب اختیار کیا۔۔۔اصولا تو عطیہ اور فضیل کے دور میں اہل سنت مذہب کا وجود معاویہ صاحب کو ثابت کرنا چاہیے تھا جو وہ یقیناً قیامت تک ثابت نہیں کرسکیں گے

تیسری بات یہاں بدعتی کی کس بدعت کی تائید تھی یہ معاویہ صاحب بارہا مطالبے کے باوجود دلیل سے ثابت نا کرسکے۔۔۔انہوں نے بدعت بدعت کی رٹ لگائے رکھی مگر شاید معاویہ صاحب کو خود بدعت کی تعریف بھی نہیں معلوم

چوتھی بات تواتر کی شرائط سے قبل ہی ہبہ کیا جانا ثابت کیا جاچکا تھا جس کا رد کرنے کے لیے معاویہ صاحب نے کیا کیا جتن کیے ، یہاں تک کے جناب سیدہ ع کی سیرت کی سیر اعلام النبلا سے وہ منظر کشی کی کہ جس کی جرات خود جناب ابوبکر اور جناب عمر نے بھی نہیں کی تھی۔۔۔۔معاویہ صاحب کو لگتا ہے کہ وہ جناب ابوبکر اور جناب عمر سے زیادہ جانتے ہیں کہ جناب سیدہ ع کو فدک دینے سے رسول اللہ نے منع کردیا تھا، مگر یہ بات جناب ابوبکر اور جناب عمر کو معلوم نا ہوسکی
السلام علیکم تحفہ یا علی علیہ السلام مدد جی
تمام محبان اہل بیت علیہ السلام کو
اب کچھ ثبوت دیتا ہوں اہل سنت برادران کیا کہہ رہے ہیں
پرسنل پر جس سے معلوم ہوا کہ گہرا گھاو لگا ہے ان کے مناظر صاحب

عوام کو گمراہ کرنے کے بجائے حقائق کی دنیا میں آئیں!! رات کے اندھیرے سے دن کی روشنی بہتر ہوتی ہے۔ حق کا راستہ اختیار کریں۔ دنیا و آخرت میں کامیابی بھی اسی وقت ملے گی۔ اگر کسی شیعہ اہل علم میں جرآت ہو اور اس مناظرے اور تبصروں کا علمی رد کرنا چاہے تو شوق سے کرسکتا ہے۔

مناظرے کے اختتام پر اہل سنت و اہل تشیع ممبرز کی طرف سے کچھ تبصرے بھی کئے گئے جنہیں بغیر کسی تبدیلی کے من و عن شامل کیا جا رہا ہے۔

تبصرہ منجانب اہلسنت والجماعت مذہب حقہ

از قلم مُحَمَّد عیش ابراہیم

باغ فدک پر ہونے والا یہ مناظرہ شیعہ مناظر کے دعوی لکھنے پر ہی اہلسنت کے حق ہونے کی مہر لگاچکا تھا کیونکہ شیعہ مناظر نے ہبہ کی موضوع روایت شیعوں کی گھڑنتو روایت سے ہبہ کا دعوی کرکے سیدہ فاطمہ رض کے دعوی وراثت کی خود ہی نفی کردی کیونکہ اگر یہ دونوں دعوے مان لئے جائیں تو اجتماع النقیضین لازم آتا ہے
ہبہ حیات کو چاہتا ہے جو قبضہ سے تام ہوجاتا ہے اور میراث موت کو چاہتی ہے

اگر سیدہ فاطمہ رض کو ہبہ ہوکر انکے قبضے میں آگیا تھا تو دعوی میراث چہ معنی ؟

اگر دعوی میراث کیا تھا جو اہلسنت کی معتبر کتب میں موجود ہے تو پھر ہبہ کی نفی ازخود ہوجاتی ہے کیونکہ ہبہ کے ہوتے ہوئے کبھی میراث کا دعوی نہیں کرتا کوئی ذی عقل

یہ بد عقل بد مذہبوں کی ہی بد عقلی ہے جو اجتماع النقیضین کو برداشت کرلیتے ہیں

الحمدللہ اہلسنت مناظر دلائل قاہرہ سے ہبہ کا رد کردیا اور معتبر روایات سے دکھا دیا السنت کا نظریہ کہ سیدہ فاطمہ رض کو ہبہ نہیں ہوا فدک
شیعہ مناظر نے جو شیعہ راویوں سے بھرپور سند والی روایت لگا کر ہبہ ثابت کرنے کی کوشش کی اس کا جواب الجواب شیعہ مناظر آخر تک نہ دے سکا
شیعہ اصول بھی پیش کئے گئے اہلسنت کے شروط قبول و رد بھی پیش کئے گئے کہ بدعتی کی روایت اسکے مذہب کی تائید میں قبول نہیں لیکن جہلا تو ذوالجناح پر کتب لکھنے کے شوقین ہیں اور ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ سے اوراق سیاہ کرتے ہیں
شیعہ مناظر یہی کہتا رہا عطیہ کی بدعت ثابت کرو

ایک بچہ بھی جانتا باغ فدک کا ہبہ ہونا خالصتا شیعہ بد مذہب کا خاصہ ہے اور یہ روایت شیعہ راوی کی ہے اسلئے قبول نہیں کیونکہ یہ شیعوں کی تائید میں ہے لیکن جواب وہی

ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ
ٹخہ ٹخ

الحمدلله اہلسنت مناظر نے براہین قاطعہ سے شیعہ مناظر کا رد کردیا

مجھے کافی حیرت ہوئی شیعہ مناظر کی علمی یتیمیت دیکھ کر کہ ایک جعلی خبر واحد کو متواتر ثابت کرنے پر تلا تھا

حالانکه یه ابوسعید کلبی جسے عطیہ تدلیس کرکے ابوسعید خدری رض بنا کر پیش کرتا تھا
صرف اسی سے مروی خبر واحد ہے اور ابن عباس رض والی روایت کی سند موجود نہیں کتب اہلسنت میں
شیعہ بیچارے یہ سمجھے کہ ایک ہی روایت متعدد کتب میں نقل ہونے سے شاید متواتر ہوجاتی ہے
فنعوذ باللہ من ذوی العقول

اللہ عقلوں کے زائل ہونے سے بچائے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے

السلام علی من اتبع الهدی

نحمده و نصلی علی رسولہ الکریم

اما بعد
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام

مختصر تبصرہ

اس مناظرے میں نئ بات یہ سامنے آئ کہ شیعہ مناظر بخش حسین نے اهل سنت مناظر کے سامنے عطیہ عوفی راوی کی روایت رکھی جس میں فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کی طرف سے بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عطا کرنے کا ذکر هے

اهل سنت مناظر نے عطیہ عوفی راوی کے بارے میں ثبوت دیا کہ وہ ویسے ثقہ تهے مگر وہ شیعت کی طرف مائل بهی تهے اور اهل سنت اور شیعہ کتب سے ثبوت دیا کہ ایسے راوی کی ایسی روایت جو کسی بدعت میں مبتلا هو اور روایت اس کے بدعتی مذهب کی تائید میں هو تو قبول نہیں کی جائے گی

شیعہ مناظر باوجود اصول دیکھ لینے کے بضد رہا کہ عطیہ تمہارے یہاں ضعیف راوی نہیں هے
اهل سنت مناظر بار بار کہتا رہا کہ متفق علیہ اصول کو مانو شیعہ مناظر انکار کرتا رہا

اهل سنت مناظر نے دلیل دی کہ جس آیت کے تحت وہ روایت بیان هوئ هے وہ تو اس وقت کی هے جب فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کے قبضے میں آیا هی نہیں تها یعنی مکی آیت هے تو جو چیز خود نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کے قبضے میں نہیں تهی وہ کیسے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قبضے میں دی جاسکتی هے ؟؟

اور پهر اهل سنت مناظر نے یہ بهی ثابت کیا کہ اس روایت کو اهل سنت علماء نے کذب قرار دیا هے

شیعہ مناظر بار بار یہی کہتا رہا کہ عطیہ عوفی ضعیف نہیں ھے اور شاید وہ یہ دھوکہ دینا چاھتا تھا کہ عطیہ کو کیوں کہ اھل سنت نے ثقہ کہا ھے تو عوام کو دھوکہ دے سکے گا کہ ثقہ ھونے سے ان کا دعوی ثابت ھوگیا
دوسری حرکت شیعہ مناظر کی یہ تھی کہ اھل سنت کتب سے ادھوری بات پیش کرتا تھا جب مناظر اھل سنت مکمل بات دکھا کر دھوکہ ثابت کرنے کیلئے اھل سنت کتب سے حوالہ پیش کرکے شیعہ مناظر کے دھوکے کا ثبوت دیتا تو شیعہ مناظر واویلا کرتا تھا کہ اپنی ھی کتب بھیج کر ثابت کر رھے ھو

عطیہ اور ان کے ساتھ سند میں دوسرے شیعہ راوی کے ھوتے ھوئے اصولی طور پر روایت قابل استدلال ھی نہ رھی اور جب اھل سنت نے دلائل سے ثابت کردیا کہ یہ روایت ھی خلاف واقعہ ھے کیوں کہ جس وقت آیت ذوالقربی... نازل ھوئ اس کے فوری متصل بعد فدک بی بی کو دینا ممکن ھی نہیں تھا کیونکہ مکی زندگی میں فدک خود نبی کریم صلی اللہ علیہ و سلم کے قبضے میں ھی نہیں تھا
اور اھل سنت محدثین بھی اسے کذب کہتے ہیں تو ایمانداری کا تقاضہ یہی تھا کہ شیعہ تسلیم کرتا اور کوئی دوسری دلیل دینے کی کوشش کرتا
مگر شیعہ مناظر بدزبانی کرکے زبردستی اپنی بات منوانے کی کوشش کرتا رھا

لگے ھاتھوں ایک بات کہتا چلوں ۔ بدعت کی طرف مائل راوی جسے محدثین نے ثقہ کہا ھوتا ھے اس کی ایسی روایت قابل قبول نہیں ھوتی جو اس کے بدعتی مذھب کی تائید میں ھوں شیعہ مناظر بار بار ایسی روایات کو بھی صحیح قرار دلوانے کی کوشش کرتا رھا

ایسا راوی مطلقاً ضعیف(کمزور) نہیں ھوتا مگر اس سے ایسی روایات جو دوسرے ثقہ غیر بدعتی راویوں کے خلاف ھوں اس راوی کے بدعت کی تائید والے معاملے میں اس کا کمزور اور ضعیف ھونا ثابت کرتا ھے

اسی لئے ایسے ثقہ بدعتی مذھب رکھنے والوں کی تائید بدعت والی روایت رد کی جانا متفقہ اصول ھے ۔ شیعہ کو چاھئے کہ وہ کم از کم شیعہ اصول پڑھ کر مناظرے کے میدان میں اترا کرے ۔
مبصر... سید ذاکر علی شاہ

مذھب اہل بیت علیھم السلام مذھب تشیع

تبصرہ بر مناظرہ

⯃شیعہ مناظر کی طرف سے دعوی تین جزئوں پر مشتمل تھا ،
1- فدک رسالت ماب صلی اللہ علیہ وآلہ نے بی بی فاطمہ کو دیا
2- حاکم وقت نے فدک دینے سے انکار کیا
3- سیدہ فاطمہ ع ناراض ہوئی اور تا مرتے دم کوئی کلام نہ کیا،

▲شروع ہی میں ان تین باتوں میں اہل سنت عالم معاویہ صاحب نے دوسری جزئ کو تسلیم کیا اور کہا کہ حاکم نے فدک نہیں دیا تھا، اور اسی طرح یہ مناظرہ فدک پہلی جزء پر ہی ہوا ،

⯃البتہ انتہائی ہی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اہل سنت مناظر حسب عادت ایک بات پر بحث کرنے کے بجائے ادھر ادھر کی چھلانگیں لگاتے رہتے ہیں،

⯃اس مناظرے میں اہل سنت مناظر کا ایک اور نافھم قدم سامنے نظر آیا کہ وہ اکثر رد اپنی کتابوں سے کرتے تھے، شاید اہل سنت مناظر کو پتہ نہیں کہ مناظرہ کیا جاتا ہے،
المحلی میں ابن حزم لکھتا ہے کہ مناظرے میں سامنے والے حریف کی کتب و مسلمات سے استدلال و احتجاج کرنا پڑے گا ، ، ابن حزم کے اس قول کو سنی مناظر نے پارہ پارہ کیا اور خوب گھوڑے دوڑا کر پامال کیا،

⯃اس مناظرے میں اہل سنت عالم کی مولا علی ع سے دشمنی ظاھر ہوئی ، کیونکہ شیعہ مناظر کے دعوے کے جواب میں اہل سنت عالم نے لکھا کہ حضرت فاطمہ سے حضرت علی کی ناراضگی ثابت ہے،

⯃ اب اس جملے کا اس مناظرے میں کوئی ربط نہیں بنتا ، کیونکہ مناظرہ فدک کے موضوع پر تھا، شاید اس جملے کے ذریعے سے سنی مناظر کسی اور موضوع کی طرف حسب عادت چھلانگ لگانا چاہتے تھے، کہ جو شیعہ مناظر نے انتہائی صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے کسی اور موضوع کی طرف جانے نہیں دیا،

⯃ اس مناظرے میں اہل سنت مناظر حسب عادت جگہ جگہ اپنی تعریفیں کرتا رہا، اسی سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مناظر اخلاقی مکارم سے خالی انسان ہے، جب کوئی تعریف نہیں کرتا تو بندہ خود اپنی تعریفیں کرتا پھرے ہر ضابطے میں مذموم قرار دیا گیا ہے،

⯃ شیعہ مناظر نے اپنے دعوے پر دلیل دی سنی مناظر نے کہا کہ اس میں عطیہ عوفی شیعہ ہے، سنی مناظر کو یہ تو پتہ تھا کہ عطیہ شیعہ ہے لیکن یہ پتہ نہیں تھا کہ کس طرح کا شیعہ ہے، شیعہ مناظر نے اہل سنت کی بے شمار کتابوں سے ثابت کیا کہ پہلے زمانے میں بقول سنی محدثین کے شیعہ کا لفظ اہل سنت کے لئے ہی استعمال ہوتا تھا،

⯃ مناظرے کو آخر تک پڑھنے والا پکار اٹھے گا کہ سنی مناظر نے آخر تک یہ نہیں بتایا کہ عطیہ عوفی کونسا شیعہ تھا،

⯃ سنی مناظر کا موقف یہ تھا کہ روایت میں موجود آیت مکی ہے اور فدک کا قصہ مدنی ہے، اثبات کے لئے تفسیر المیزان سے دلیل لائے جس میں سورہ کے بارے میں لکھا تھا کہ یہ سورہ مکی ہے، لیکن اس استدلال سے ہی پتہ چلا کہ سنی مناظر تو ان بدیہی معلومات کے بارے میں بھی لاعلم ہے، بہت سارے مکی سورتوں میں آیات مدنی ہیں اور مدنی سورتوں میں سے آیات مکی ہیں ، جس کا جواب آخر تک شیعہ مناظر مانگتے رہے ، *مگر جواب دینے والا کوئی منشاوی* نہیں آیا،

⯃ سنی مناظر کا زیادہ تر دارومدار تحفہ اثنا عشری کتاب پر رہا ، شاید وہ اثنا عشری سے یہ سمجھ رہے تھے کہ یہ کوئی شیعہ کتاب ہے، حالانکہ اظہر من الشمس ہے کہ یہ سنی کتاب ہے اور سنی اپنے سنی کتاب سے شیعہ کے خلاف دلائل دے رہے ہیں جو کہ ایک مضحکہ خیز عمل ہے،

آخر تک سنی مناظر کہتا رہا کہ عطیہ اور فضیل بدعتی ہیں جبکہ شیعہ مناظر نے جوابا ملا علی قاری کی عبارت لاکر سنی مناظر کی آنکھوں میں خاک ڈال کر ہمیشہ کے لئے اس کے بے توکہ باتوں پر خوب لوگوں کو ہنسایا، ملا علی قاری نے عطیہ عوفی کو من اجلائ التابعین لکھا ہے،

شیعہ مناظر آخر تک یہ کہتا رہا کہ سنی کسی محدث اور محقق کی نظر میں کس بنیاد پر کسی کو شیعہ کہتے ہیں؟ مگر افسوس یہاں بھی کوئی *منشاوی مشکل کشا* بن کر نہیں آیا،

سنی عالم نے ایک اور احمقانہ اعتراض اٹھایا کہ صاحب ملل و النحل شہرستانی شیعہ تھا کہ جس کا رد شیعہ مناظر نے انتہائی اچھے انداز میں خود اہل سنت کی کتابوں سے دیا کہ جس میں شہرستانی کو امام میرزا فقیہ اور متکلم کے خطاب دئے گئے تھے، اور شافعی المذہب لکھا ہے،

علی ای حال اس مناظرہ میں اہل تشیع مناظر جناب بخش حیدری صاحب نے فتح کا وہ علم نصب کیا کہ جس کو اکھاڑنے کے لئے مناظرے کے آخر تک معاویہ صاحب کا *مشکل کشاء* منشاوی نے کوئی ہمت نہیں کی اور نہ ہی اکھاڑنے کا ارادہ کیا،

ہم اس مناظرے میں فتح یاب شیعہ مناظر جناب بخش حیدری صاحب کو لاکھوں کروڑوں مبارک باد کہتے ہیں،

سید ابو عماد حیدری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

تین دن ہونے والے مناظرے میں مولانا علی معاویہ صاحب نے اہل تشیع مناظر کے تمام سوالات کے جوابات تسلی بخش دے جواب میں اہل تشیع مناظر کی حالت تشویشناک رہی ایک ہی بات کو لے کر بیٹھا رہا جب اس کے اشکال دور کیے جا چکے تھے مگر کم علمی کی وجہ سے بات اس کی سمجھ میں نہیں آسکی میرا بخش حسین صاحب کو مشورہ ہے کہ جب آپ میں اتنی ہمت نہیں تھی تو مناظرہ کس لیے کرنے میدان میں اترے۔ *اور جناب بخش صاحب پہلے آپ یہ تو معلوم کرلیں کہ نماز میں جو ثناٰ پڑھی جاتی ہے وہ کس سورت میں ہے* 😂😂😂

جناب عالی ایک منٹ میں آپ دو چار لمبے لمبے مسیج ٹیپ کروارہے تھے یہ تو ناممکن ہے مگر آپ کے لوگوں نے آپ کے کندھے پر بندوق رکھ کر چلائ اور اس ذلت سے خود بچ گئے اور آپ کو ذلیل ہونے کا شوق بھی پورا ہوگیا

دوسری بات

آپ جس طرح بات کررہے تھے یہ آپ کی پرورش کرنے والوں کی بھی پہچان کراگئ کہ وہ کیسے اہل علم بندے ہیں اور سوالیہ نشان اٹھا آپ کے استاد پر جس نے تعلیم کے ساتھ ساتھ آپ کو تمیز نہیں سکھائ اور آپ کی انداز گفتگو نے آپ کے خون کی پہچان بھی کرادی شاید گھر میں اپنے والدین سے بھی اس طرح کی گفتگو کرنے کے عادی لگتے ہو مجھے 😉

میرا آپ کو مشورہ ہے کہ یہ مناظرہ کرنا تمہارا کام نہیں ہے آپ کسی اینٹوں کے بھٹہ پر جا کر اینٹ بناؤ اور جو لوگ آپ کو لقمہ دے رہے تھے ان کو مشورہ ہے کہ گدھے چراؤ جاکر ادھر ایک مولانا علی معاویہ صاحب آپ کے گروپ میں تمام شیعہ لوگوں پر بھاری پڑ گیا کچھ لوگ آپ کے ساتھ ہمارے دشمن ملک سے بھی *را کے ایجنٹ* تھے اس کو میں مشورہ دوں گا کہ لکھنؤ کے بازار جس کام کے لیے مشہور ہیں آپ وہاں جاکر اپنا کام دیکھو. اور وہیں پر اپنی گندی زبان استعمال کرنے کا شوق پورا کرو۔ سمجھ تو گئے ہونگے کہ کس کی طرف اشارہ کیا ہے میں نے 😉😉😉

بخشو صاحب آپ نے جو بدتمیزی کی ہے مناظرہ کے دوران اس کو یاد رکھنا جناب جب ہمارے کسی ناسمجھ بچے نے آپ کے ساتھ یہ کام کیا تو رونا مت سارے مناظرے میں اہلسنت مناظر نے جو علمی انداز میں بات کی وہی صرف علمی بات تھی۔۔۔

اہل گروپ آپ نے دیکھا کہ اہل تشیع مناظر کی طرف سے کوئی علمی بات پورے مناظرے میں دیکھنے کو نہیں ملی اور اب آخری ٹرن ہمیشہ کی طرح شیعہ مناظر نے پوری کتاب لکھ دینی ہے سلیم خان کی طرح گھوڑا کیسے چلتا ہے *ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ* گھوڑا ایسے چلتا ہے....

😂😂😂😂😂😂😂😂

حسنین حمزہ۔ .

🥊🥊🥊🥊🥊🥊🥊🥊

اہل ایمان کے لیے اسلام علیکم
اور روافض کے لیے ہدایت کی دعا
ماشاء اللہ اہل سنت مناظر مولانا علی معاویہ صاحب نے اہل تشیع مناظر بخش حسین حیدری کے دعوی ہبہ فدک کو اپنے علم اور دلائل کی بناپربہت اچھی طرح رد پیش کیا شیعہ مناظر کسی بھی صحیح روایت سے باسند معتبر سیدہ فاطمہ رضی اللہ کو باغ فدک ہبہ کیاجانا ثابت ناکرسکا بلکہ تین دن تک ہونے والے مناظرے کو آئیں بائیں شائیں میں گزاردیا

شیعہ مناظر نے ہبہ فدک پر جو پہلی روایت اہل سنت کتاب سے پیش کی اسکا راوی عطیہ عوفی ہے اور اہل سنت مناظر مولانا علی معاویہ صاحب نے اہلسنت اصول کے مطابق تہذیب التہذیب اور تدریب الراوی سے یہ ثابت کیا کہ شیعہ روایت اسکے مذہب کی تائید میں قبول نہیں

عطیہ عوفی کے شیعہ ہونے پر اعتراض نہیں بلکہ اسکی بدعت پر اعتراض ہے
بدعتی راوی کی روایت دوشرطوں کے ساتھ قبول ہوتی ہے
1 راوی اپنی بدعت کی طرف داعی نا ہو
2 اپنی بدعت کو رواج دینے والی کسی چیز کی روایت نا کرے

رسول اللہ ﷺ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ کو فدک ہبہ کیا یہ صرف اور صرف مسلک تشیع کا عقیدہ ہے نا کہ اہل سنت کا تو پھر ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ کسی صحابی، تابعی، محدثین یا اہلسنت آئمہ کرام کی وہ روایت پیش کی جاتی جس سے فدک ہبہ کیا جانا ثابت ہوتا مگر شیعہ کا عقیدہ شیعہ راوی کی روایت سے بیان کرنا ہی بدعت ہے اور پورے مناظرے میں مولانا علی معاویہ صاحب شیعہ مناظر کو یہی بات سمجھاتے رہے مگر شیعہ مناظر اپنی کم علمی اور کم عقلی کے باعث یہ بات سمجھنے سے قاصر رہا اور بار بار ایک ہی سوال عطیہ کی بدعت ثابت کرو. 😄😅

جس بندے کو بدعت کا مفہوم ہی معلوم نا ہو وہ بھی مناظر بن بیٹھا العجیب
بخش حسین آپ اصول مناظرہ اور اپنی کتب سے مکمل طور پر ناواقف ٹھہرے جن لوگوں کے دیے ہوئے لقمے آگے ٹرانسفر کرتے رہے کیا انہوں نے بھی اس دلیل کو نظر انداز کردیا جو آپ کے شہید ثانی زین الدین عاملی کی کتاب الرعایۃ سے مولانا صاحب نے دیاتھا جس میں واضح

لکھاہے کہ غیر اثنا عشری راوی چاہے ثقہ بھی ہو مگر اسکے مذہب کی تائید میں روایت قابل قبول نہیں
دوسری جہالت آپ نے یہ دکھائی کہ فدک مدنی دور میں رسول اللہ کے قبضے میں آتاہے جبکہ آپ مکی آیت پیش کررہے ہیں
کیا رسول اللہ ہجرت کے بعد دوبارہ مکہ میں رہائش پزیر ہوئے تھے ؟
تیسری جہالت آپ نے علامہ شہرستانی کی کتاب الملل والنحل پیش کرکے دکھائی جس میں انہوں نے اہل تشیع اور اہل سنت اختلافات کا زکر کیاہے علامہ شہرستانی کے کہنے کامقصد یہ تھا کہ فاطمہ رضی اللہ نے باغ فدک کا دعوی کبھی میراث کے طور پر کیا تو کبھی ہبہ کے طور پر کیا لیکن ہبہ و میراث کے دعوی کو اس حدیث نے مسترد کردیا کہ انبیا کا کوئی مال نہیں ہوتا وہ جو کچھ چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہوتاہے
یعنی آپ نے اپنی کم علمی کے باعث اپنے ہی دعوی کے خلاف روایت اٹھا کر بھیج دی
شیعہ مناظر اپنے دعوی کو ثابت کرنے میں بری طرح ناکام رہا کیونکہ ہبہ فدک پر تواتر نا دکھاسکا
اہل تشیع مذہب میں زیادہ تر شاز روایات یا موضوع روایات ہی من پسند ہوتی ہیں جبکہ صحیح احادیث کو یہ لوگ ہاتھ تک نہیں لگاتے
اس پورے مناظرے کا خلاصہ یہی ہے کہ شیعہ مناظر نے صرف ٹائم پاس کیاہے اور کچھ نہیں
اہل سنت مناظر مولانا علی معاویہ صاحب نے بہت مدلل گفتگو کی اور دعوی ہبہ فدک کو من گھڑت بھی ثابت کیا.

تبصرہ بر موضوع فدک

اہل السنت:- مناظر علی معاویہ
شیعہ مناظر:- بخش حسین

گفتگو تو سب کے سامنے ھے کہ شیعہ مناظر اپنے دعویٰ کے ثبوت میں بالکل ناکام رہا.

اہل السنت مناظر نے شیعہ مناظر کی ہر ہر بات کا رد دلائل سے کیا، جس کا جواب شیعہ مناظر اور اس کے پیچھے بیٹھی ان کی پوری ٹیم کے پاس نہیں تھا.
میں یہاں پر شیعہ مناظر کی لاعلمیوں پر کچھ تبصرہ کرنا چاھتا ہوں جو پورے مناظرہ میں دیکھی گئیں..

◈ شیعہ مناظر شروع دن سے اپنے آخری کمنٹس تک یہی کھتا رہا کہ عطیہ بدعت کی کونسی قسم میں ھے ؟
جب کہ اہل السنت مناظر نے شیعہ رجال کی کتاب معجم رجال الحدیث سے اس کو اصحاب باقر رح سے دکھایا، مطلب کہ عطیہ پکا شیعہ تھا، لیکن آخر تک شیعہ مناظر یہی سوال کرتا رہا.

◈ شیعہ مناظر جب اہل السنت مناظر کے حوالاجات سے لاجواب ہوا تو بار بار یہ کھتا رہا کہ
آپ کی کتب ھمارے لیے حجت نہیں..
جب کہ اہل السنت مناظر اس کی وضاحت کرچکا تھا کہ یہ میں تمھارے الزام کا رد کرنے کے لیے پیش کررھا ہوں کہ اہل السنت کے نزدیک فدک کا ھبہ کیا جانا ثابت نہیں، نہ کو تم کو منوانے کے لیے.

♦ شیعہ مناظر تحفہ اثنا عشری کی ادھوری عبارت سے استدلال کرتے ہوئے یہ لکھا کہ
شاہ عبد العزیز نے تو اہل السنت کا ہی شیعہ لکھ دیا..

جب کہ اھل السنت مناظر اسی تحفہ اثنا عشری سے ہی کل واضح کرچکا تھا کہ یہ اس دور سے پہلے کی بات ہے جب غالی، زیدی وغیرہ نے خود کو شیعہ کہنا شروع کر دیا تھا.
لیکن شیعہ مناظر نے آخر میں بھی وہی بات کردی جس کا جواب پہلے ہی دیا جا چکا تھا.

شیعہ مناظر نے اھل السنت مناظر پر یہ جھوٹا الزام لگایا کہ انہوں نے المحلی ابن حزم کے قول کے بارے میں یہ کہا کہ *کسی اور کا قول دو*..

جب کہ اھل السنت مناظر نے تو الٹا شیعہ مناظر کو تواتر کے شرائط پیش کرکے یہ سوال کیا کہ ان شرائط کے مطابق تواتر ثابت کرکے دکھاؤ؟
لیکن شیعہ مناظر تواتر ثابت نہ کرسکا.
اھل السنت مناظر نے تو یہ کہا تھا کہ ابن حزم کا قول اس وقت ھے جب کوئی دوسری روایت مخالف میں نہ ہو.
لیکن شیعہ مناظر نے اس کو غلط رنگ میں بیان کیا.

♦ شیعہ مناظر نے یہ دھوکا دینے کی کوشش کی کہ اھل السنت مناظر آت ذا القربی..
والی آیت کو بعض مکی اور بعض مدنی کہہ رہے ہیں..

جب کہ اھل السنت مناظر نے یہ ثابت کیا تھا کہ اکثر اور جمھور کا قول یہی ھے کہ یہ پوری سورۃ مکی ھے.
لیکن شیعہ مناظر نے اھل السنت مناظر کی بات ہی بدل کر دھوکا دینے کی کوشش کی.

■ شیعہ مناظر نے اھل السنت مناظر کے پیش کردہ لسان المیزان والے حوالے کو شروع سے آخر تک ھاتھ بھی نہیں لگایا کہ فدک والی روایت ابو العینا اور جاحظ نے گھڑی تھی.

تو فیصلہ بالکل آسان ہے کہ شیعہ مناظر کلی طور پر اپنے دعویٰ کا ثابت کرنے میں ناکام رہا.

فقط خاکپائےصحابہ واہلبیت رض

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مناظرہ بعنوان فدک
اہل تشیع مناظر: بخش حسین حیدری صاحب
اہل سنت مناظر: فخرالزمان معاویہ صاحب

تبصرہ:-
تبصرہ شروع کرنے سے پہلے معاویہ صاحب کو مشورہ دوں گا کہ آپ اب مناظرے کرنا چھوڑ دیں یہ آپ کے بس کی بات نہیں۔ آپ نہ صرف اپنی علمی یتیمی سب کے سامنے لے کر آ رہے ہیں بلکہ اپنے مسلک و مذہب کو بھی اچھا خاصا رسوا کروا رہے ہیں۔ آپ نے پچھلے مناظرے (جو کہ میرے ساتھ ہوا تھا) کی شکست کا بدلہ لینے کے جلدی سے مناظرہ رکھا اور بدلہ کیا لینا تھا ایک مرتبہ پھر آپ منہ کے بل گرے اور ایک اور مناظرہ آپ کے گلے پڑ گیا۔

اب میں آتا ہوں تبصرے کی طرف:-

دعوی اہل تشیع

میرا یہ دعوی فدک جناب رسالت ماب نے جناب سیدہ کو عطا کیا اور حاکم وقت نے فدک دینے سے انکار کر دیا جس سے جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ ناراض ہوگئی اور مرتے دم تک کلام نہ کیا.

جواب دعوی اهل السنت

رسول اللہ ﷺ کا سیدہ فاطمہ رض کو فدک عطا کرنا جھوٹ ھے.
سیدہ فاطمہ رض کی ناراضگی ثابت نہیں البتہ سیدنا علی رض سے ان کا ناراض ہونا شیعہ کتب سے ثابت ھے
اور شیعہ کتاب سے ثابت ھے کہ سیدہ رض نے وفات سے پہلے بات کی.

-معاویہ صاحب کا جواب دعویٰ ہی ثابت کر رہا ہے کہ وہ شروع سے ہی بوکھلاہٹ کا شکار تھے اور وہ اسی تیاری سے آئے تھے کہ نکتہ دلیل پر بات کرنے کی بجائے بات کا رخ کسی اور طرف موڑ دیں یہ معاویہ صاحب کی پہلی شکست تھی

- مناظرے میں فدک کے عنوان سے جو نکتہ زیر بحث رہا وہ "ہبہ "کا تھا۔
جس پر بخش حسین صاحب نے ایک صحیح السند حدیث پیش کی جس کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حیات مبارک میں ہی فدک جناب سیدہ کو ہبہ کر دیا تھا۔
معاویہ صاحب کو اس روایت پر جرح کرنی تھی اور اس کا بطلان ثابت کرنا تھا لیکن موصوف نے ایک مفروضہ قائم کر لیا اور اس پر بھی قائم نہ رہ سکے۔

معاویہ صاحب کی علمی یتیمی اور حماقتوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔
1- سب سے پہلے معاویہ صاحب نے اعتراض کیا کہ عطیہ شیعہ ہے جب اس بات پر گرفت ہوئی تو خود ہی قلابازی لگا لی اور مان لیا کہ شیعہ ہونا کوئی جرح نہیں۔ (یہ معاویہ صاحب کی جواب دعویٰ کے بعد دوسری شکست تھی).

2- دوسرا بھونڈا اور بے تکا اعتراض یہ قائم کیا کہ عطیہ بدعتی ہے لیکن پورے مناظرے میں کوئی ایک قول نی پیش کر سکے جس سے واضح ہو جاتا کہ عطیہ واقعی بدعتی ہے۔

3- اس پر بخش حسین صاحب نے حوالہ دے کر ثابت کیا کہ بدعتی کی روایت بھی قبول ہے اور ساتھ یہ بھی سوال کیا کہ عطیہ اگر آپ کے مطابق بدعتی ہے تو وہ کس کیٹگری میں آتا ہے کیا بدعت صغریٰ کا مرتکب ہے یا بدعت کبریٰ کا ؟ لیکن پورے تین دن گزر جانے کے باوجود معاویہ صاحب اس کا جواب نہ دے سکے۔

4- اس کے بعد معاویہ صاحب نے پینترا بدلا اور موقف اختیار کیا کہ بدعتی کی وہ رائے جو اس کے مذہب کے موافق ہو وہ قبول نہیں۔
اس بات پر بھی کوئی تسلی بخش دلیل معاویہ صاحب پورے تین دن میں پیش نہ کر سکے۔
بلکہ اپنے مفروضے کو احتمال کی بنیاد پر لے کر چلتے رہے جبکہ مناظرے میں احتمال کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔

معاویہ صاحب کی خدمت میں چند گذارشات ہیں۔

یہ کہ اگر آپ کے نزدیک شیعہ ہونا جرح نہیں تھی تو آپ کو یہ بے تکا اعتراض کرنا ہی نہیں چاہیے تھا۔

اگر آپ کی نظر میں عطیہ واقعی بدعتی تھا تو آپ کو اس پر دلیل پیش کرنی تھی اپنے اکابرین میں سے کسی کا قول نقل کرتے جس میں عطیہ کو واضح بدعتی کہا گیا ہوتا لیکن یہ آپ سے نہ ہو سکا۔

تیسرا اگر آپ کا اعتراض عطیہ کے بدعتی ہونے پر تھا تو آپ کو پتہ ہونا چاہیے تھا کہ عطیہ کس نوعیت کا بدعتی ہے تاکہ آپ حکم واضح کر سکتے کیونکہ بخش صاحب نے آپ کو دکھا دیا تھا کہ بدعتی کی روایت بھی قبول ہے مگر آپ سے یہ بھی نہ ہو سکا۔

اب آپ کا یہ بہانہ کہ بدعتی کی رائے اس کے مذہب کے حق میں قبول نہیں یہ آپ کی علمی یتیمی کو ثابت کر رہا ہے اس کی چند وجوہات بیان کر رہا ہوں۔

اگر عطیہ بدعتی شیعہ تھا اور اپنے مذہب کے حق میں روایت کرتا تھا تو آپ کے اکابرین نے اس کی توثیق کیوں کی ؟
کیا ایسے شخص کی توثیق کردی جو کذب بیانی سے کام لیتا تھا (کیونکہ معاویہ صاحب کا عقیدہ یہ ہے کہ فدک جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کو ہبہ نہیں کیا گیا جبکہ عطیہ نے روایت کی کہ ہبہ کیا گیا لہذا معاویہ صاحب کے مطابق عطیہ نے جھوٹ بولا) اب ایک جھوٹے کی توثیق متعدد اہل سنت اکابرین نے کیوں کی ؟

مزید یہ کہ معاویہ صاحب کو یہ بھی نہیں معلوم کہ بدعتی کی وہ کونسی روایت قبول نہیں کی جائے گی جو اس کے مذہب کے حق میں ہو۔
جواب اس کا یہ ہے کہ ایسی روایت جو بدعتی کے مذہب کی اصول دین کی حمایت میں ہو وہ قبول نہیں ہوگی جبکہ فدک کا ہبہ ہونا کسی بھی طرح اہل سنت کے اصول دین سے تعلق نہیں رکھتا۔

اب آتے ہیں معاویہ صاحب کی ان حماقتوں کی طرف جو یہ ثابت کرتی ہیں کہ یہ اصول مناظرہ سے ہی سرے سے ناواقف ہیں۔

اول یہ کہ معاویہ صاحب ہبہ کے رد میں اپنی کتابوں کے حوالے لگاتے رہے 😅
او بھائی جب تمہارا یہ نظریہ ہے کہ فدک ہبہ نہیں ہوا تو کچھ نہ کچھ حوالے تو تمہاری کتابوں میں اس پر موجود ہوں گے ہی۔ ان حوالوں کو اٹھا کر شیعہ مناظر پر حجت قائم کرنا چاہ رہے ہو 🤭
دوسرا سب سے بڑی احمقانہ بات جس پر ہنسی آرہی ہے کہ اپنے دفاع میں معاویہ صاحب کو جو سب سے بڑی کتاب ملی وہ "تحفہ اثنا عشریہ "ہے اور معاویہ صاحب اس کو جواز بنا کر تشیع پر اعتراض اٹھاتے رہے یہاں تک کہ شیعہ کی اقسام بھی تحفہ اثنا عشریہ سے پیش کیں 😅 ۔
اور اس کے باوجود یہ نہ بتا سکے کہ عطیہ کس قسم میں شمار ہوتا ہے۔

ایک اور جہالت جو معاویہ صاحب نے دکھائی وہ یہ کہ عطیہ اور فضیل شیعہ ائمہ علیہم السلام کی صحبت میں رہے اس لیے شیعہ امامی تھے 😅

معاویہ صاحب اس طرح تو ابو حنیفہ بھی بدعتی شیعہ ہوا اور پورا حنفی مسلک نیست و نابود ہو گیا۔

لہذا یہ پورا مناظرہ یہ ثابت کرتا ہے کہ معاویہ صاحب ادھر سے ادھر بھاگتے رہے اور موقف بدلتے رہے لیکن رد نہ کر پائے۔
بطور مدافع جو واحد رد وہ اپنی کتب سے پیش کر سکتے تھے وہ یہ تھے کہ عطیہ کی ثقاہت پر جرح کرتے وہ یہ نہ کر سکے بلکہ الزامی جواب اپنی کتب سے پیش کرتے رہے 😅

میں مبارکباد پیش کروں گا بخش حسین صاحب کو جو اپنے موقف پر ڈٹے رہے اور بہت کامیابی سے معاویہ صاحب کے احتمال کی بنیاد پر بنائے گئے مفروضے کو مسخ کرنے میں کامیاب رہے۔
والسلام

ڈاکٹر سید حسن عسکری عابدی

بسمہ تعالیٰ...

*مناظر اہلسنت نے جواب دعوی میں اپنے ناصبیت ہونے کی دلیل دی ہے... جبکہ جواب میں صرف اقرار یا انکار کرنا تھا.. اسکا مناسب جواب اسے وہاں مل گیا تھا.. حالانکہ اس سے آگے گفتگو نہیں ہونی چاہئے تھی... کیونکہ یہ اسلوب مناظرہ کے خلاف تھا..

*شرائط نمبر ۴ کی بھی اہانت مناظر نے خلاف ورزی کی مینے بہت غور سے ساری تحریر پڑھی ہے.. بدتمیزی سنی مناظر نے ہی شروع کی تھی...

اہلسنت مناظر پھر وہی پرانے طرز پر نظر آنے کی کسی طرح خان چھوٹ جائے... اسکے لئے انہوں نےعطیہ عوفی اور فضیل کو رافضی ثابت کرنا چاہا... یہ بات اہلسنت مناظر کو بھی معلوم ہے کہ شیعہ سے مراد متقدمین کے نزدیک جو علی کو عثمان پر فضیلت دیتے ہیں اور غالی جو تمام صحابہ پر علی کو فضیلت دیتے ہیں...
یہاں تشیع سے مراد اہلسنت کی ہی ایک فرع ہے نا کہ رافضیت...
یہ اصول وہاں چلتا ہے جن احادیث میں حضرت علی کی ایسی فضیلت بیان ہو جس میں وہ خلفاء ثلاثہ سے افضل قرار پائیں نا کہ مسئلہ فدک میں...

*یہ اصول تب ہی عمل میں آتا ہے جب بدعتی ایسی روایت نقل کر رہا ہو جو اصول دین یا ضروریات مذہب کے خلاف ہو... فدک کا قضیہ اس سے الگ ہے....
*شہرالستانی کے مسئلہ میں بھی اہلسنت مناظر مفروضات پر گفتگو کرتے رہے کہ اس پر اتہام ہے الحاد کا اور تشیع میں غلو تھا... یعنی تمام صحابہ پر علی کو فضیلت دیتا تھا...
اسکی دلیل یہ ہے اسکو معتزلی مانا گیا ہے.. اور معتزلی شیعہ نہیں ہوتے...
رہی بات اتہام کی تو ابوحنیفہ کو کسی نے ضعفاء میں شامل کیا ہے... کسی نے جہمیہ میں قرار دیا ہے.... کسی نے مرجئ کہا ہے... کسی نے عالم اسلام میں سے منحوس مولود کہا ہے اور یہاں تک کہ دیا گیا ہے کہ ابو حنیفہ کے قول کو نقل کرنے سے بہتر سے شراب بیچنا....
یہ مناظرہ ہے یہاں اتہام اور مفروضات پر بات نہیں ہوتی... دلیل سے سامنے والے پر برہان قائم کیا جاتا ہے..

مختصر تبصرہ

شیعہ مناظر حسن بخش حیدری نے دعوی کیا کہ
فدک جناب رسالت ماب نے جناب سیدہ کو عطا کیا اور حاکم وقت نے فدک دینے سے انکار کر دیا جس سے جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ ناراض ہوگئی اور مرتے دم تک کلام نہ کیا

✳ شیعہ دعوی پر ہی اگر غور کریں؛ ایک طرف فدک ھبہ کرنے کا دعوی کیا گیا ہے تو دوسری طرف حاکم وقت کی ملکیت یا زیر قبضہ ہونے کا بھی اقرار کیا ہے، ظاہر ہے تبھی تو لکھا کہ حاکم وقت نے فدک دینے سے انکار کردیا۔
اس کے بعد شیعہ مناظر نے دعوی کے آخر میں لکھا کہ فدک نہ ملنے پر سیدہ فاطمہ ناراض ہوگئیں اور مرتے دم تک کلام نہ کیا!!

◍ شیعہ مناظر کو دعوی کے مطابق تین باتیں دلائل سے ثابت کرنی تھیں۔
1- فدک ھبہ کیا گیا تھا۔ یعنی دور نبوی میں فتح خیبر (سات ھجری) سے رحلت نبوی (گیارہ ھجری) تک تین سال فدک سیدہ فاطمہ کے زیر قبضہ رہا اور ظاہر ہے اس کی سالانہ آمدنی سیدہ فاطمہ اور اہل بیت کو وصول ہوتی رہی اور اس آمدنی سے اہل بیت کے مالی حالات بھی بدل گئے ہوں گے۔
2- نبی کریم ﷺ کے بعد حاکم وقت حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے قبضے میں کرلیا یعنی حضرت ابوبکر صدیقؓ کی ملکیت بن گیا، ظاہر ہے فدک کی اچھی خاصی آمدنی سے حضرت ابوبکر صدیق کے مالی حالات بھی بدل گئے ہوں گے اور ان کی اولاد کو بھی فدک بطور ورثہ ملا ہوگا!!
3- فدک نہ ملنے سے سیدہ فاطمہ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ناراض ہوگئیں اور ترک کلام کیا یعنی دونوں گھرانوں کا قریبی تعلق منقطع ہوگیا پھر تو دونوں گھرانوں کے درمیان آنا جانا بلکہ رشتہ داریوں کا ہونا بھی ممکن نہیں!!

◍ شیعہ مناظر نے دوران مناظرہ پہلے نکتہ کو ثابت کرنے کے لئے مسند ابو یعلی سے ایک ایسی حدیث پیش کی جس کی سند میں دو راوی شیعہ تھے۔ جب سنی مناظر نے ان راویوں کی نشاندہی کی اور کئی دلائل سے ثابت بھی کیا تو شیعہ مناظر ان دلائل کا دفاع اور کوئی علمی رد پیش نہ کرسکے۔

◍ ایک موقعہ پر شیعہ مناظر نے معصوم بن کر سوال پوچھا کہ اس حدیث میں شیعہ راوی نے کس بدعت کا ذکر کیا ہے؟ حالانکہ ایک عام فہم بھی سمجھ سکتا ہے کہ فدک کا

ھبہ ہونا اگر سچ ہے تو مطلب رحلت نبوی کے بعد تمام صحابہ کرام معاذاللہ گمراہ ہوگئے اور سیدہ فاطمہ سے فدک کو چھین لیا گیا!! اس کے علاوہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کا رحلت نبوی کے بعد زبردستی کا قبضہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا۔
یہ نظریہ دین میں ایک ایسا اضافہ ہے جو اہل سنت و اہل تشیع کی کئی صحیح روایات کے خلاف ہے اور غور فرمائیں؛ شیعہ مناظر کے نزدیک یہ کوئی بدعت ہی نہیں ہے حالانکہ سنی مناظر بار بار یہی کہتے رہے کہ
یہ مسلک شیعہ کا ھے نہ کہ اھل السنت کا ،کہ نبی کریم ﷺ نے سیدہ رض کو فدک ھبہ کیا تھا.
أقع عطیہ عوفی شیعہ ھے أقع فضیل بھی شیعہ ھے.
تو اصول واضح ھے کہ بدعتی کی روایت اس کی تائید میں قبول نہیں۔

⚛ اگر بالفرض یہ نظریہ بدعت نہیں ہے تو شیعہ مناظر کو ان صحیح روایات کا رد کرنا چاہئے تھا جو اس نظریے (فدک کا ھبہ ہونا) کے خلاف اہل سنت و اہل تشیع کتب میں موجود ہیں لیکن شیعہ مناظر مکمل ناکام رہے۔

◍ شیعہ مناظر نے کئی بار وقت ضایع کیا۔ سنی مناظر کے دلائل کا جوابی رد پیش کرنے کے بجائے راویوں کی بار بار توثیق اور فضول سوال کرتے رہے!

◍ سنی مناظر نے حجت تمام کرتے ہوئے وہی اصول شیعہ مسلک سے بھی ثابت کردیا کہ شیعہ مذھب میں بھی ہے کہ *ثقہ غیر اثنا عشری کی روایت قبول ہے لیکن جب روایت اس کے مذھب کی تائید میں ہو تو قبول نہیں*

◍ دوران مناظرہ شیعہ مناظر نے جہالت دکھاتے ہوئے کہا کہ *معاویہ صاحب تو اصول مناظرہ ہی بھول گئے اپنی کتابوں سے سکین دے رہے ہیں کہ ہبہ ثابت نہیں*
لیکن موصوف یہ بھول گئے کہ وہ خود مدعی ہیں اور دعوی کی تائید میں اہل سنت کتب سے دلائل دے رہے ہیں۔ ظاہر ہے سنی مناظر کو دفاع کرنا ہے ، اور دفاع تو اپنی ہی کتب سے ہی کیا جاتا ہے۔

◍ سنی مناظر کی موضوع پر گرفت اتنی مضبوط تھی کہ جو بات اہل سنت کتب سے ثابت کرتے رہے وہی بات اہل تشیع کتب سے بھی ثابت کرتے رہے اور مزے کی بات ہے کہ شیعہ مناظر کسی بھی دلیل کا جواب نہ دے پائے بلکہ اپنی ہی بھیجی گئی روایات کی سند تک پیش کرنے میں ناکام ہوگئے!

دوران گفتگو شیعہ اور رافضی کی تعریف پر بھی گفتگو کی گئی۔ یہ حقیقت بھی ہے کہ شروع کے دور میں شیعہ بحیثیت مسلک کوئی وجود نہیں تھا۔ پہلے شیعہ بمعنی سیاسی گروہ ہی استعمال کیا جاتا تھا۔ شیعان عثمان، شیعان علی اور شیعان معاویہ کے نام بھی تاریخ میں اسی لئے مذکور ہیں۔ ظاہر ہے یہ تینوں گروہ ایک ہی مسلک پر عمل درآمد کرتے تھے۔ اس لئے کسی راوی کا شیعہ ہونا معیوب نہیں سمجھا جاتا تھا بعد میں جب سبائی گروہ کے باطل نظریات کی دین میں آمیزش ہونے لگی تو راویوں کے حالات لکھتے ہوئے یہ نشاندہی کرنا ضروری سمجھا گیا کہ راویوں کا شیعہ ہونا بھی بیان کردیا جائے تاکہ روایات شیعہ مذہب کی تائید میں ہوں تو یقین کرنے سے پہلے اچھی طرح چھان بین کی جائے اور اگر واقعی اہل سنت نظریات کے خلاف ہوں تو رد کردی جائیں۔ اس مناظرے میں شیعہ مناظر کی شکست بھی اسی بنیاد پر ہوگئی۔

سنی مناظر نے آخر میں جو پورے مناظرے کا نچوڑ پیش کیا وہ غیر جانبدار اہل علم کے لئے حق تک پہنچنے کا راستہ ہے۔ دعا ہے کہ محترم علی معاویہ صاحب کے علم و عقل میں مزید توسیع ہو اور حق و باطل کی اسی طرح تفریق کرتے رہیں۔

(ممتاز قریشی)